ہوئی۔ جس میں امیر مرکز الدعوۃ جناب حافظ محمد سعید، ممتاز عالم دین جناب عبدالسلام بھٹوی، پروفیسر ظفر اقبال، جناب ذکی الرحمٰن لکھوی اور جناب مسعود الرحمٰن جانباز کے علاوہ مقامی علماء نے بھی خطاب کئے۔

انکے علاوہ مسلک نوربخشیہ کے مفتی اعظم مولوی محمد عبداللہ وغیرہ نے بھی خطاب کیا۔

مسلک نوربخشیہ کے بھرپور تعاون کی وجہ سے یہ جلسہ کامیاب ترین بلکہ تاریخی ثابت ہوا۔

14-6-00 طلبائے جامعہ کا سالانہ اختتامی جلسہ منعقد ہوا۔

17-6-00 سعودی عرب سے الشیخ عبدالرحمٰن الغیث تشریف لائے، اور کلیۃ الشریعۃ کے زیر تعمیر عمارت کا تفصیلی معاینہ کیا۔ ان کے ہمراہ الشیخ ابراہیم فضلی بھی تھے۔

18-6-00 رابطہ عالم اسلامی مکتب اسلام آباد کے مدیر الشیخ مؤید عبدالواحد البتیری تشریف لائے، جامعہ دارالعلوم اور الأثر پبلک سکول غواڑی کا تفصیلی دورہ کیا، اس موقع پر دارالعلوم میں ایک پررونق اعزازی جلسہ منعقد ہوا۔

20-6-00 جامعہ دارالعلوم کے مرحلہ عالیہ اور رابعہ ثانویہ کے طلباء کا سالانہ امتحان قبل از وقت شروع ہوا، تاکہ اسلامک یونیورسٹی مدینہ منورہ کے زیر اہتمام عربی زبان اور اسلامی ثقافتی کورس میں شمولیت اختیار کرسکیں۔

24-6-00 الجامعة الإسلامية بالمدينة المنورة کے زیر اہتمام الدورة التدريبية للغة العربية والثقافة الإسلامية (عربی زبان اور اسلامی ثقافتی کورس) میں شرکت کے لئے بیرونی طلباء جامعہ دارالعلوم بلتستان غواڑی پہنچنے لگے۔

☆☆☆☆☆